بیسک اکاؤنٹ کے بارے میں معلومات

1 **وہ تمام افراد جو قانونی طور پر EU میں رہائش پذیر ہیں، انہیں آسٹریائی بینک میں بیسک اکاؤنٹ کھولنے کا حق حاصل ہے۔**

- ان میں بے گھر افراد اور دارالامان کے متلاشی بھی شامل ہیں۔
- تاہم، بیسک اکاؤنٹ کو تجارتی سرگرمیوں کے لیے استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

2 **بیسک اکاؤنٹ کو اوور ڈرا نہیں کیا جاسکتا ہے۔**

صرف اسی صورت میں اکاؤنٹ سے رقم نکالی جاسکتی ہے یا ادائیگیاں کی جاسکتی ہیں کہ جب اکاؤنٹ میں مطلوبہ رقم موجود ہو۔

3 **اس کے علاوہ بیسک اکاؤنٹ کی تمام تر خدمات ریگولر اکاؤنٹ ہی کی طرح ہیں۔**

آپ

- کاؤنٹر پر اور کیش مشینوں پر رقم نکال سکتے ہیں،
- رقوم منتقل کرسکتے ہیں، اسٹینڈنگ آرڈرز اور ڈائریکٹ ڈیبٹس متعین کرسکتے ہیں،
- دکانوں اور انٹرنیٹ پر ادائیگیوں کے لیے ادائیگی کارڈ استعمال کر سکتے ہیں،
- آن لائن بینکنگ انجام دے سکتے ہیں۔

4 **بیسک اکاؤنٹ پر سالانہ مجموعی طور پر EUR 83.45 سے زیادہ لاگت نہیں آتی، خواہ کتنی ہی مرتبہ اکاؤنٹ کو ادائیگیوں کے لیے استعمال کیا گیا ہو یا کتنی ہی مرتبہ رقوم نکالی گئی ہوں۔**

5 تاہم، کم رقوم کے حامل افراد کے لیے، بیسک اکاؤنٹ کی لاگت سالانہ EUR 41.73 سے زیادہ نہیں ہوسکتی ہے۔

رعایت کے اہل افراد میں شامل ہیں

- وہ افراد جن کی آمدنی (تنخواہ، پنشن، بے روزگاری کا معاوضہ، کم سے کم بینیفٹ) باضابطہ ضروری سطح سے کم ہو،
- وہ افراد جو نشرکاری فیس سے مستثنیٰ ہوں،
- وہ افراد جو دیوالیہ ہوں،
- دارالامان کے متلاشی افراد۔

6 اگر آپ پہلے سے ہی آسٹرین بینک میں اکاؤنٹ کے مالک ہیں، تو اسے اسی وقت لازماً بند کرنا ہوگا۔

- اگر اس وقت پرانے اکاؤنٹ کو بند نہ کیا گیا تو بینک بیسک اکاؤنٹ کھولنے کی درخواست مسترد کرسکتا ہے۔
- تاہم، جس بینک میں بیسک اکاؤنٹ کھولا جا رہا ہو، اسے کسٹمر کی درخواست پر اکاؤنٹ کی تبدیلی کو لازماً نپٹانا چاہیے۔
- اگر پرانا اکاؤنٹ ادائیگیوں کے لیے جاری قرضوں کے باعث بلاک کیا گیا ہو، تو اسے بند کیے بغیر بھی بیسک اکاؤنٹ پر استحقاق موجود رہتا ہے۔
- بیسک اکاؤنٹ کو اس بینک میں بھی کھولا جاسکتا ہے جہاں پرانا اکاؤنٹ موجود ہو یا پھر کسی دوسرے بینک میں بھی۔

7 بیسک اکاؤنٹ کو مخصوص ناگزیر وجوہات کی بنا پر صرف بینک کی جانب سے ہی منسوخ کیا جاسکتا ہے۔

تنسیخ کا عمل خاص طور پر اس صورت میں ممکن ہے کہ جب

- اکاؤنٹ کو مجرمانہ افعال کے لیے استعمال کیا جائے،
- اکاؤنٹ کو 24 ماہ تک بالکل بھی استعمال نہ کیا جائے،
- دوسرا اکاؤنٹ کھول لیا جائے۔

8 بیسک اکاؤنٹ کے بارے میں اضافی معلومات ہمارے "بیسک اکاؤنٹ - ایک اکاؤنٹ آپ کے لیے" کے فولڈر اور ہماری ویب سائٹ www.konsumentenfragen.at پر ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔

فولڈر کا آرڈر

- www.sozialministerium.at/broschuerenservice پر
- broschuerenservice@sozialministerium.at کو ای میل بھیج کر
- 25 25 86-00 711 1 43+ پر کال کرکے دیا جاسکتا ہے۔

9 شکایات

اگر بنیادی اکاؤنٹ کو کھولنے کی آپ کی درخواست کسی جواز کے بغیر مسترد کردی گئی ہے، یا اگر آپ کو بنیادی اکاؤنٹ کے سلسلے میں کوئی اور پریشانی ہے تو آپ ای میل کے ذریعہ (Thomas.Haghofer@sozialministerium.at یا Beate.Blaschek@sozialministerium.at) یا ٹیلیفون (16 25 86-00 711 1 43+ یا 01 25 86-) کے ذریعے ہم سے رابطہ کرسکتے ہیں؛ آپ ہمارے ساتھ جرمن یا انگریزی میں بات چیت کرسکتے ہیں۔

قانونی اعلامیہ

میڈیا کے مالک و ناشر: وفاقی وزارت برائے سماجی امور، صحت، نگہداشت اور کنزیومر تحفظ (BMSGPK)، Stubenring 1, 1010 ویانا
پبلشنگ اور پروڈکشن کا مقام: ویانا **کور فوٹو:** © istockphoto.com/Romolo Tavani **لے آؤٹ اور پرنٹ:** BMSGPK **بہ سال:** 2020